تعلیم، امن اور اسلام، ترتیب: مجلس تحقیقات اسلامی۔ ناشر: المصباح، ۱۶- اُردو بازار لاہور۔ صفحات: ۱۶۸۔ قیمت: درج نہیں۔

اسلام کے لفظ ہی میں سلامتی، امن، اور عدل کا پیغام موجود ہے۔ لیکن مغرب، اس کی حلیف قوتوں اور مسلم اقوام میں غلامانہ ذہنیت کے حامل نام نہاد دانش وروں نے بے وجہ، اسلام پر یلغار کا ماحول پیدا کر رکھا ہے۔

'مجلس تحقیقات اسلامی' نے رضا کارانہ طور پر علمِ حدیث، فقہ، تاریخ، اسلام و مغرب کی کش مکش اور استشراق کے موضوعات کو مدِنظر رکھتے ہوئے یہ حکمت عملی طے کی ہے کہ مناظرانہ یا مبارزت پر مبنی اسلوب میں اُلجھنے کے بجاے، مثبت طور پر دین اسلام کی منشاء و مرضی کو نئی نسل کے سامنے پیش کیا جائے۔ اس مجلس میں تمام مکاتبِ فکر کے جید علما اور جدید علوم کا فہم رکھنے والے سماجی علوم کے ماہرین شامل ہیں جو مولانا سمیع الحق، مفتی منیب الرحمن، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا عبدالمالک، مولانا راغب حسین نعیمی، مجتہد سید نیاز حسین نقوی، ڈاکٹر سفیر اختر وغیرہ پر مشتمل ۲۶ رکنی ٹیم ہے۔

مذکورہ مجلس نے اعلیٰ ثانوی (انٹرمیڈیٹ) درجے کے طالب علموں کے لیے یہ مجموعہ بطور درسی کتاب مرتب کیا ہے۔ جو پیش کش میں دیدہ زیب، اور موضوعات و مباحث میں مؤثر ابلاغی لوازمے پر مشتمل ہے۔ اس کے ۱۴/ ابواب میں: اختلاف راے، تنازع، تشدد، حقوق العباد، آئینِ پاکستان، فرقہ واریت کا سدباب وغیرہ موضوعات شامل ہیں۔ ہر باب میں معلومات کی فراہمی کے بعد نئے الفاظ کے ذخیرے، مشق اور سوالات کو شامل کیا گیا ہے، تاکہ طالب علم پڑھے جانے والے سبق کو نہ صرف سمجھ سکے، بلکہ خود اختیاری جانچ سے اپنی معلومات کو پرکھ بھی سکے۔ درسی سطح پر یہ ایک کامیاب کوشش ہے، جس کا استقبال کیا جانا چاہیے۔ (س م خ)

سیکولرزم ایک تعارف، ڈاکٹر شاہد فرہاد۔ ناشر: کتاب محل، دربار مارکیٹ، لاہور۔ فون: ۰۳۲۱-۸۸۳۶۹۳۲۔ صفحات: ۲۱۴۔ قیمت درج نہیں۔

ہر دور کے فتنے اپنی حشر سامانیاں لیے، چراغِ مصطفویؐ سے اُلجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور آخر فنا کے گھاٹ اتر جاتے ہیں۔ عصر حاضر کے ایسے ہی ایک فتنے کا نام سیکولرزم ہے۔ اس فتنے کو